بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ وَعَلٰی عَبۡدِہِ الۡمَسِیۡحِ الۡمَوۡعُوۡدِ

*Office Of The Sadr Majlis Ansarullah Bharat*

**دفتر صدر مجلس انصار اللہ بھارت**

**Mohalla Ahmadiyya Qadian-143516 Dt.Gurdaspur (PUNJAB)**

**Ph: +91-01872-220186, Fax : +91-01872-224186, Mob. +91-94170-20616, E-Mail : ansarullahbharat@gmail.com**

اعمال صالحہ اور عبادت میں ذوق وشوق اپنی طرف سے نہیں ہوسکتا۔ یہ خدا تعالیٰ کے فضل اور توفیق پر ملتا ہے۔اس کے لئے ضروری ہے کہ انسان گھبرائے نہیں اور خدا تعالیٰ سے اس کی توفیق اور فضل کے واسطے دعائیں کرتا رہے۔ یہ ذوق وشوق پیدا کرنے کے لئے استغفار کرنا بھی ضروری ہے۔شیطان کے حملوں سے بچنے کے لئے استغفار کرنا بہت ضروری ہے۔

خلاصہ خطبہ جمعہ سیدنا حضرت اقدس امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیان فرمودہ 25۔ستمبر 2015ء بمقام مسجد فضل۔لندن

تشہد،تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

بعض لوگ سوال کرتے ہیں کہ عبادت میں شوق کس طرح پیدا ہو۔ہم کوشش کرتے ہیں تب بھی یہ کیفیت پیدا نہیں ہوتی۔تو یادرکھنا چاہئے کہ بندے کا کام یہ ہے کہ مستقل مزاجی سے کوشش کرتا رہے۔اس ایمان پر قائم ہو کہ جو کچھ ملنا ہے خدا تعالیٰ سے ہی ملنا ہے۔تب ہی وہ کیفیت پیدا ہوسکتی ہے جو خدا تعالیٰ کے قریب کرتی ہے اور پھر عبادت کے شوق کو بڑھاتی ہے۔

ایک دفعہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام سے بھی کسی نے پوچھا کہ عبادت میں شوق کس طرح پیدا ہوتا ہے۔آپ نے فرمایا کہ اعمال صالحہ اور عبادت میں ذوق وشوق اپنی طرف سے نہیں ہوسکتا۔خود انسان کہے کہ میرے اندر پیدا ہوجائے میں خود اپنی کوشش سے پیدا کرلوں۔یہ نہیں ہوسکتا۔یہ خدا تعالیٰ کے فضل اور توفیق پر ملتا ہے۔اس کے لئے ضروری ہے کہ انسان گھبرائے نہیں اور خدا تعالیٰ سے اس کی توفیق اور فضل کے واسطے دعائیں کرتا رہے۔تھک کے بیٹھ نہ جائے بلکہ مستقل دعائیں کرتا رہے اور ان دعاؤں میں تھک نہ جائے۔آپ نے فرمایا ان دعاؤں میں تھک نہ جاوے۔جب انسان اس طرح پر مستقل مزاج ہو کر لگا رہتا ہے تو آخر خدا تعالیٰ اپنے فضل سے وہ بات پیدا کر دیتا ہے جس کے لئے اس کے دل میں تڑپ اور بیقراری ہوتی ہے یعنی عبادت کے لئے ایک ذوق وشوق اور حلاوت پیدا ہونے لگتی ہے۔عبادت کا جسے کہتے ہیں ایک مٹھاس اسے حاصل ہونی شروع ہوجاتی ہے ایک مزہ آنے لگ جاتا ہے۔فرمایا کہ لیکن اگر کوئی شخص مجاہدہ اور سعی نہ کرے اور وہ یہ سمجھ لے کہ پھونک مار کر کوئی مجھے ایسا کردے گا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے قریب ہوجائے گا یا عبادت کا شوق پیدا ہوجائے گا یا کسی کے قریب چلا جائے تو وہ انسان اسے پھونک مار کر عابد بنادے گا یہ نہیں ہوسکتا۔فرمایا کہ یہ اللہ تعالیٰ کا قاعدہ اور سنت نہیں ہے۔اس طریق پر جو اللہ تعالیٰ کو آزماتا ہے وہ خدا تعالیٰ سے ہنسی کرتا ہے اور مارا جاتا ہے پھر۔آخر نتیجہ کیا ہوتا ہے۔مارا جاتا ہے خدا سے دور ہوجاتا ہے۔فرمایا کہ خوب یاد رکھو کہ دل اللہ تعالیٰ ہی کے ہاتھ

میں ہے۔اس کافضل نہ ہوتو دوسرے دن جا کر عیسائی ہوجاوے۔اسلام سے ہٹ جائے یا کسی اور بے دینی میں مبتلا ہوجاوے۔ دین سے دور چلا جائے۔اس لئے ہروقت اس کے فضل کے لئے دعا کرتے رہواور اس کی استعانت چاہواس سے مدد مانگو کہ صراط مستقیم پرتمہیں قائم رکھے۔جو شخص خدا تعالیٰ سے بے نیاز ہوتا ہے وہ شیطان ہوجاتا ہے جہاں اللہ تعالیٰ سے بے نیاز ہوئے اللہ تعالیٰ کو چھوڑا اللہ تعالیٰ کو بھولے وہیں سے شیطان نے حملہ کیا اور شیطان ہو گئے۔فرمایا کہ اس کے لئے ضروری ہے کہ انسان استغفار کرتا رہے تا کہ وہ زہر اور جوش پیدا نہ ہو جو انسان کو ہلاک کر دیتا ہے۔استغفار اس کا علاج ہے کہ استغفار کروتا کہ اس زہر سے بچو جو شیطان کے قریب کرتا ہے اور انسان کو ہلاک کر دیتا ہے۔

پس مستقل مزاجی شرط ہے اور یہ ایمان کہ خدا تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں۔جب سب راستے بند کر کے اللہ تعالیٰ کی طرف انسان جھکے تبھی وہ کیفیت پیدا ہوتی ہے جو عبادت کا شوق بھی دلاتی ہے۔مستقل اللہ تعالیٰ کی طرف جھکنا پڑتا ہے۔مستقل اس سے مدد مانگنی پڑتی ہے۔شیطان کیونکہ ہر وقت حملے کے لئے تیار ہے اس لئے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا کہ یہ ذوق وشوق پیدا کرنے کے لئے استغفار کرنا بھی ضروری ہے۔شیطان کے حملوں سے بچنے کے لئے استغفار کرنا بہت ضروری ہے۔استغفار کر کے جب شیطان کو اپنے سے دور بھگائے گا انسان تو پھر اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آنے کے لئے تڑپ کر دعا بھی کرے گا۔استغفار بھی تڑپ کر ہو رہی ہوگی اور مزید ترقی کرنے کے لئے اس کے قرب کے راستے تلاش کرنے کی دعا بھی ہو رہی ہوگی۔پھر جب ایسی حالت انسان کی ہو جائے یہ کیفیت طاری ہو جائے تو پھر خدا تعالیٰ اپنا فضل فرماتا ہے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں صحیح عبد بننے اور نیکیاں بجالانے کی توفیق عطا فرمائے اور مستقل مزاجی سے اس پر قائم رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔

☆☆☆☆☆

**Khulasa Khutba Jumma Huzoor Anwar 25th September 2015**

## BOOK POST (PRINTED MATTER)

To ..............................................................................

..............................................................................

سیدنا حضور انور کی منظوری سے مجلس انصار اللہ بھارت مورخہ 13 تا 15 اکتوبر 2015ء کو اپنا سالانہ ڈائمنڈ جوبلی اجتماع منعقد کریں گی۔

From : Office Ansarullah Bharat, Aiwan-e-Ansar, Mohalla Ahmadiyya Qadian-143516, Dt.Gurdaspur, PUNJAB